# علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد
## کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ
### (شعبہ مطالعات بین المذاہب)

کورس: مطالعہ مسیحیت (4958) — سمسٹر: خزاں، 2026ء

سطح: بی ایس (علوم اسلامیہ) — **خط برائے طلبہ** — کریڈٹ: 3

عزیز طلبہ ! **السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ:**

**امید ہے کہ آپ بعافیت ہوں گے۔ آپ کے کورسز کے ساتھ آپ کو مشقی سوالات بھی بھیجے جارہے ہیں۔ آپ مشق حل کرنے کے سلسلے میں مندرجہ ذیل امور کا خاص خیال رکھیے۔**

☆ یونی ورسٹی کی نئی پالیسی کے مطابق امتحانی مشق کمپوز کر کے جمع کروانا ضروری ہے، اس سلسلے میں درج ذیل امور کا خیال رکھیے:

1. مشق حل کرنے سے پہلے سوال اچھی طرح پڑھ اور سمجھ لیجیے۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیجیے۔
2. جوابات تحریر کرنے سے قبل کتب کا بار بار مطالعہ کر کے اس سے جواب اخذ کیجیے۔
3. جوابات تحریر کرنے کے لیے صرف درسی کتاب پر اکتفا نہ کیجیے بلکہ کتاب میں مذکور امدادی کتب اور دیگر مستند اور مفید کتب سے بھی ضرور استفادہ کیجیے۔
4. جواب اپنے الفاظ میں تحریر کیجیے۔ اگر کہیں اقتباس دینا ضروری ہو تو اس کا (تحقیقی انداز میں) حوالہ حاشیے میں دیجیے۔ اگر کسی مآخذ سے حاصل شدہ معلومات اپنے الفاظ میں لکھ رہے ہیں تو بھی مکمل حوالہ دیجیے۔
5. امتحانی مشق کی کمپوزنگ میں اردو کے لئے اردو رسم الخط کا فونٹ منتخب کیجیے۔
6. عربی عبارات کے لئے عربی فونٹ استعمال کیجئے۔
7. امتحانی مشق کے ہر صفحہ پر اپنا نام، رول نمبر اور رجسٹریشن نمبر لازمی درج کیجیے۔
8. جواب لکھنے کے بعد نظر ثانی کیجیے۔ قرآنی آیات، احادیث نبویہ اور املاء کی غلطیاں ناقابل قبول ہیں۔
9. امتحانی مشق مکمل کرنے کے بعد مکمل مشق کو پی ڈی ایف (PDF فارمیٹ جو کہ 5MB سے زیادہ نہ ہو) میں منتقل کر کے ایل ایم ایس (LMS) اکاؤنٹ کے ذریعے اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بروقت ارسال کیجیے۔ (امتحانی مشق الگ سے ڈاک میں بھیجنے کی ضرورت نہیں ہے)۔

☆ کسی معاملے میں کوئی مشکل درپیش ہو یا ابہام ہو تو اپنے ٹیوٹر کو براہِ راست یا ہمیں خط لکھ کر وضاحت حاصل کر لیجیے۔

☆ کورس کے حوالے سے تعلیمی رہنمائی کے لیے اپنے ٹیوٹر سے رابطہ کیجیے۔ کورس کے اختتام پر اپنی رائے اور تجاویز رابطہ کار کو ضرور ارسال کیجیے۔ محبت اور دعاؤں کے ساتھ۔

والسلام

ڈاکٹر حافظ محمد فاروق عبداللہ

کورس رابطہ کار

# علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ مطالعات بین المذاہب)

## وارننگ

**عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:**

**1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔**

**2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔**

**کورس: مطالعہ مسیحیت (4958)** — **سمسٹر: خزاں، 2026ء**

**سطح: بی ایس (علوم اسلامیہ)** — **کریڈٹ: 3**

## امتحانی مشق نمبر 1

**(یونٹ نمبر 1-4)**

کل نمبر: 100 — کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ حضرت عیسیٰؑ کے دور نبوت کے واقعات و نصائح پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ حضرت عیسیٰؑ کی ولادت اور حضرت مریمؑ کی آغوش مادر میں حضرت عیسیٰؑ کے کلام کے واقعات بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ تعلیمات مسیحؑ میں تحریف و تدلیس کے آغاز پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ حضرت عیسیٰؑ کے مصلوب ہونے سے متعلق قرآن مجید کے تصورات کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ اپولینیرین فرقے کی تاریخ، عہد قدیم و جدید میں اس کے اثرات اور اسلامی عقائد سے اس کا موازنہ کریں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر2

کل نمبر:100 | (یونٹ نمبر5-9) | کامیابی کے نمبر:50

| | | |
|---|---|---|
| سوال نمبر1۔ | اعمال الرسل اور تعلیمی کتابوں کی تفصیل بیان کریں۔ | (20) |
| سوال نمبر2۔ | وسطی عرب میں مسیحیت کے عدم پھیلاؤ کی وجوہات کا تاریخی جائزہ لیں اور عدم فروغ پر روشنی ڈالیں۔ | (20) |
| سوال نمبر3۔ | اسلامی ریاست کی فتوحات کے پس منظر میں عیسائیوں کے ساتھ جیش اسامہ کے واقعے کو بیان کریں اور اثرات کا تجزیہ کریں۔ | (20) |
| سوال نمبر4۔ | کلیسا کی تاریخ، تنظیم کی ترقی، فکری انتشار اور فکری تسلط کے اثرات کا جائزہ پیش کریں۔ | (20) |
| سوال نمبر5۔ | کلیسا کی سائنس کی مخالفت اور مغفرت ناموں کی تجارت جیسے تاریخی طرز عمل کا جائزہ پیش کریں۔ | (20) |